Roll No..........................

# BAUL-202

**Urdu Shayeri**

**(اردو شاعری)**

Bachelor of Arts (BA-12/16/BAS-12) URDU

Second Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

ہدایت: یہ پرچہ تین حصوں الف، ب، اورج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

**(حصہ الف)**

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال ۱۹ نمبر کا ہے۔

۲×۱۹=۳۸





۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ شعر کی تشریح کیجئے:۔

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا

پہاڑ کاٹنے والے زمیں سے ہار گئے
اس زمین میں دریا سمائے ہیں کیا کیا

یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستان بنا دیا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

غم اگرچہ جاں گسل ہے، یہ بچیں کہاں کہ دل ہے
غم عشق گر نہ ہوتا، غم روزگار ہوتا

کمدر یا مصفا جس کو یہ دونوں ہی یکساں ہوں
حقیقت میں وہی مے خوار ہے پینا اسی کا ہے

یا

ظلم پھر ظلم ہے، بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے
خوں پھر خون ہے، ٹپکے گا تو جم جائے گا
خاک صحرا پہ جمے یا کفِ قاتل پر جمے
فرقِ انصاف پہ یا پائے سلاسل پہ جمے
تیغِ بیداد پہ یا لاشۂ بسمل پہ جمے
خوں پھر خون ہے، ٹپکے گا تو جم جائے گا
لاکھ بیٹھے کوئی چھپ کے کمیں گاہوں میں
خون خود دیتا ہے جلادوں کے مسکن کا سراغ
سازشیں لاکھ اڑھاتی رہیں ظلمت کے نقاب
لے کے ہر بوند نکلتی ہے ہتھیلی پہ چراغ

۲۔ غالب کی شاعرانہ عظمت کے اسباب بیان کیجئے۔

۳۔ مخدوم محی الدین کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کرتے ہوئے ان کی نظم 'چارہ گر' کی تشریح و وضاحت کیجئے۔





۴۔ شاد عظیم آبادی کی غزل گوئی کی نمایاں خصوصیات بیان کیجئے۔

## (حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ ۳۲=۸×۴

۱۔ نظم اور غزل کا فرق بیان کیجئے۔

۲۔ مومن کے رنگ تغزل پر اظہار خیال کیجئے۔

۳۔ مرزا یگانہ کی شاعرانہ انفرادیت واضح کیجئے۔

۴۔ کیفی اعظمی کی نظم ''مکان'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

۵۔ اصغر گونڈوی کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجئے۔

۶۔ قافیہ اور ردیف کسے کہتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھائیے۔

۷۔ دبستان دلی کی شاعرانہ خصوصیات کیا ہیں؟

۸۔ آتش کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

(حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس (۱۰) معروضی سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔

۱×۱۰=۱۰

دیے گئے معروضی سوالات کے صحیح جوابات تحریر کیجیے۔

۱۔ ان میں سے کون دبستان لکھنؤ کے شاعر ہیں؟

(الف) مرزا غالب

(ب) خواجہ حیدر علی آتش

(ج) حکیم مومن خاں مومن

(د) شاد عظیم آبادی

۲۔ ''جھنکار'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(الف) کیفی اعظمی

(ب) ساحر لدھیانوی

(ج) فیض احمد فیض

(د) مخدوم محی الدین





۳۔ غالب کی وفات کب ہوئی؟

(الف) ۱۷۷۰ء

(ب) ۱۸۶۹ء

(ج) ۱۸۷۰ء

(د) ۱۷۹۷ء

۴۔ مخدوم کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(الف) پرچھائیاں

(ب) دست صبا

(ج) بساط رقص

(د) آخر شب

۵۔ مومن کے دور کے شاعر کون ہے؟

(الف) اصغر

(ب) حسرت

(ج) یگانہ

(د) غالب

۶۔ تصوف کا اثر کس کی غزلوں پر نمایاں ہے؟

(الف) ناسخ

(ب) اصغر

(ج) یگانہ

(د) مومن

۷۔ 'حیوان ظریف' کس شاعر کو کہا گیا ہے؟

(الف) غالب

(ب) میر

(ج) ذوق

(د) اکبر الہ آبادی

۸۔ کس شاعر کی وابستگی فلموں سے رہی ہے؟

(الف) شاد

(ب) اصغر

(ج) ساحر

(د) مجاز





۹۔ مکر شاعرانہ کا استعمال کس نے کثرت سے کیا ہے؟

(الف) غالب

(ب) مومن

(ج) ذوق

(د) آتش

۱۰۔ مندرجہ ذیل میں کون سا بیان درست ہے؟

(الف) نظم معرّیٰ پابند نظم کو کہتے ہیں

(ب) مرزا یگانہ غالب شکن کہے جاتے ہیں

(ج) شاد عظیم آبادی خواجہ میر درد کے ہم عصر ہیں

(د) کیفی اعظمی نے 'تاج محل' نام کی نظم لکھی ہے